AW–184

**B.A. (Part–II) Examination**

**URDU**

**(Compulsory Languages)**

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جوابات تحریر کیجئے :— 20

(۱) آبی آلودگی سے بچاؤ کے طریقے اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

(۲) فضائی آلودگی سے بچاؤ کے طریقے اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے۔

(۳) ماحولیات کی آلودگی کی قسمیں لکھیے۔

(۴) مذہب کے بنیادی اصول تحریر کیجئے۔

(۵) تعصب سے کیا مراد ہے؟ اس کے نقصانات تفصیل سے لکھیے۔

(۶) مذہب اور سیاست کا فرق واضح کیجئے۔

(۷) حکومت نے ''علمِ ماحولیات'' کو اہم و لازمی کیوں قرار دیا ہے؟

(۸) ریڈیو، ٹی وی، ابلاغ کا اہم ذریعہ کیوں ہے؟ لکھیے۔

سوال نمبر ۲۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف چھ کی تشریح مع حوالہ کیجئے :— 18

(۱) برس کے کھل گئے آنسو نتھر گئی ہے فضا
چمک رہا ہے سرِ شام درد کا تارا

(۲) چل بھی دیئے وہ چھین کے صبر و قرار دل
ہم سوچتے ہی رہ گئے یہ ماجرا ہے کیا

(۳) میں پا سکا نہ کبھی اس خلش سے چھٹکارا
وہ مجھ سے جیت بھی سکتا تھا جانے کیوں ہارا

(۴) غیر پھرتا ہے لیے یوں تیرے خط کو کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے تو چھپائے نہ بنے

(۵) اے بت پرست دیدہ بینا پس دیکھ توں
یک ذات میں ظہور ہوا کئی صفات کا

(۶) میرے بغل میں خواہش دنیا کا بت نہیں
کچلا ہوں میں نے لات سے سر منات کا

(۷) الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

(۸) یاں کے سپید و سیاہ میں ہم کو دخل جو ہے سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا

(۹) مرے ہاتھ ہیں تو بنوں گا خود میں اب ساقی میکدہ
خم غیر سے تو خدا کرے لب جام بھی مرا تر نہ ہو

(۱۰) میں بلاتا تو ہوں اس کو مگر اے جذبۂ دل
اس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف چار کے جوابات تحریر کیجئے :— 20

(۱) سرسید احمد خان کی ادبی خدمات بیان کیجئے۔

(۲) اردو نثر کے ارتقاء میں صوفیوں کی خدمات تحریر کیجئے۔

(۳) فورٹ ولیم کالج کے زیر اہتمام تیار کردہ کتابیں اور ان کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(۴) تلمیحات کے ماخذ کیا ہیں؟

(۵) اردو نثر کے عہد زریں کی مشہور شخصیات میں سے کسی دو کے متعلق تحریر کیجئے۔

(۶) ''جون پور کا قاضی'' اس محاورے کے معنی لکھتے ہوئے اس میں پوشیدہ قصہ تحریر کیجئے۔

(۷) ''شیخ چلّی'' اس تلمیحی شخصیات سے وابستہ قصے کو بیان کیجئے۔

(۸) اردو زبان کی ادبی تلمیحات کے ماخذ بیان کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے تفصیلی جوابات دیجئے :— 20

(۱) ''کملاکر'' کی زندگی پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

(۲) افسانہ ''لال باغ'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(۳) ''برکت ایک چھینک کی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

(۴) روضۃ الکبریٰ کی ابتداء کس طرح ہوئی؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ (الف) مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے :— 12

(۱) پسندیدہ ادبی شخصیت

(۲) انٹرنیٹ کی اہمیت

(۳) کھیلوں کی اہمیت

(ب) ''بجلی کے بار بار بند ہو جانے سے پڑھائی میں رکاوٹ ہو رہی ہے'' الکٹرک بورڈ آفیسر کے نام شکایت نامہ تحریر کیجئے۔ 10

**یا**

میونسپل کمیٹی میں کلرک کی جگہ خالی ہے۔ صدر بلدیہ کے نام اس عہدہ کے لئے درخواست لکھئے۔